بزنس وسیع کرنے سے پہلے غوروخوض طلب مسائل

اپنی بزنس کو وسیع کرنا عام طور پر اپنے آپ کو وقف کرنے اور محنت مشقت کا تقاضہ کرتا ہے ۔ چاہے آپ کی بزنس چھوٹی ہو یا بڑی ، ذاتی اور بزنس کی کارکردگی سے متعلقہ متعدد غوروخوض طلب مسائل ہوتے ہیں ۔

غوروخوض طلب ذاتی مسائل

اپنی بزنس کو وسیع کرنے کا عملی جامہ پہنانے سے قبل ، بزنس کو پھیلانے کے پیچھے اپنے مقاصد کا اور اس کا آپکی ذاتی اور گھریلو زندگی پر اثر کا جائزہ لیں ۔ (مندرجہ ذیل) پر غوروخوض کریں :

- اگر ضرورت پڑے ، تو کیا آپ زیادہ وقت بزنس کو وقف کرنے کے لئے تیار ہیں ؟
- کیا آپ کی فیملی آپ کی بزنس کو زیادہ وقت دینے کی ضرورت سمجھتی ہے ؟
- کیا آپ کو کچھ ذاتی مالی ذرائع کی سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہو گی ؟
- کیا (بزنس کو) وسیع کرنا آپکی بزنس کے چھوٹی اور لمبی معیاد کے مقاصد سے مطابقت رکھتا ہے ؟
- کیا آپ کی سرمایہ کاری پر منافع آپکے وقت اور کوشش کا مناسب اور باخوب صلہ ہے ؟
- کیا آپ تب بھی بزنس سے لطف اٹھائیں گے ؟
- کیا آپ رِسک یا خطرہ لینے لے لئے آمادہ ہیں ؟
- کیا آپ کے پاس وسیع بزنس کا انتظام سنبھالنے کی صحیح مہارتیں اور قابلیت ہے ؟ اگر نہیں ، تو آپ ان کو کہاں سے لیں گے ؟

اگر آپ کی بزنس ہوم-بیسڈ یعنی گھر میں واقع ہے :

- کیا آپ کے گھر کی طرف اضافی ٹریفک اور آمدورفت آپ کی یا آپ کی فیملی کی پرائیویسی یعنی خلوت پر اثرانداز ہو گی ؟
- کیا یہ آپ کے پڑوسیوں کی زندگیوں میں خلل ڈال سکتی ہے ؟ کچھ بلدیات رہائشی علاقوں کے لئے قواعد وضوابط عائد کرتی ہیں ۔ (بزنس) وسیع کرنے سے پہلے پابندیوں یا تقاضوں کی جانچ پڑتال کرنا یقینی بنائیں

Acclr, par le biais de son service d'intelligence d'affaires, reçoit le soutien financier de Développement économique Canada pour les régions du Québec et est membre du Réseau Entreprises Canada.

Acclr, through its business intelligence department, receives financial support from Canada Economic Development for Quebec Regions and is a member of the Canada Business Network.

Développement économique Canada pour les régions du Québec
Canada Economic Development for Quebec Regions

بزنس کی کارکردگی کے لئے (اپریشنل) غوروخوض طلب چیزیں

تحقیق سکھاتی ہے کہ بزنس کو وسعت دینا جب بزنس اس کے لئے تیار نہ ہو بزنس کی ناکامی کی سرِ فہرست وجہ ہے ۔

وسعت اور پھیلاؤ آپ کے کیش فلو پر ، آپکی پیداواری صلاحیت پر اور آپکی خدمات دینے کی قابلیت پر دباؤ ڈال سکتا ہے ؛ یقینی بنائیں کہ آپ کی بزنس مستحکم ہے ۔ اپنے آئیڈیاز یعنی خیالات پر احتیاط سے تحقیق کریں اور آپ کی کارکردگی پر ان کے اثر کو زیرِ غور لائیں ۔ اس بات پر بھی غوروخوض کریں کہ آیا آپ اور آپکی ٹیم پوری طرح سے تگ و دو کرنے کی ذمہ داری قبول کررہی ہے ؟

اگر آپ آگے جانے کے لئے تیار ہیں ، تو اپنی بزنس کو بڑھانے کے طریقوں کو زیرِ غور لائیں اور عام سرگرمیوں میں سے چند ایک جن کو اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لئے آپ کو کرنے کی ضرورت پڑ